میل بکس کلب

پاکستان سنڈے سکول منسٹری

کورس اوّل۔ پہلا سبق

خُدا کیسا ہے ؟

حصّہ اول

یہ کون سی کتاب ہے؟

یہ بائبل مقدس، خدا کا کلام ہے۔ بائبل ہمیں بتاتی ہے کہ خُدا نے تمام چیزیں بنائیں۔ خُدا نے سورج اور چاند بنایا۔ اُسی نے لاکھوں ستارے بنائے جو آسمان پر رات کو چمکتے ہیں۔ خُدا نے زمین کو بنایا۔ خدا نے پرندے، مچھلیاں اور تمام طرح کے جانوروں کو بھی بنایا۔ پھر خدا نے آدم اور حوا کو بنایا۔

خُدا نے ہمیں کیوں تخلیق کیا؟ ہم اِس لیے تخلیق ہوئے کہ خُدا سے پیار کریں اور اُس کا پیار حاصل کریں۔ خدا ہم میں سے ہر ایک کو جانتا اور پیار کرتا ہے۔

جب آپ کسی سے پیار کرتے ہیں تو آپ چاہتے ہیں کہ وہ شخص بھی آپ سے پیار کرے۔ جب ہم خُدا کو جاننا چاہتے ہیں اور اُسے پیار کرتے ہیں تو ایسا کرنے سے خُدا بہت خوش ہوتا ہے۔ خُدا کو جاننا اور اُس سے محبت رکھنا ہی سب سے اچھا عمل ہے جو کہ ہمیں کرنا چاہیئے۔ ایسا کرنا ہمیں حقیقی خوشی بخشتا ہے۔

اس سبق میں ہم دیکھیں گے کہ بائبل ہمیں خُدا کے بارے میں کیا سکھاتی ہے۔ اِس سبق میں ہم پانچ اہم باتیں خُدائے عظیم کے بارے میں سیکھیں گے۔ جو ہمیں بے حد پیار کرتا ہے۔

پیارے دوستو!

کیا آپ نے کبھی سوچا ہے کہ خُدا کیسا ہے؟ خُدا اتنا عظیم ہے کہ ہم اُس کے بارے میں سب کچھ نہیں جان سکتے۔ مگر خُدا نے ہمیں ایک خوبصورت کتاب دی ہے جو ہمیں اُس کے بارے میں بتاتی ہے۔

خُدا واحد ہے

خُدا ایک ہے جو سچا اور زندہ خُدا ہے۔ اُس نے خود فرمایا ''میں ہی خُدا ہوں، اور کوئی نہیں؛ میرے سوا کوئی خُدا نہیں۔۔۔۔'' (یسعیاہ 5:45)

خُدا طاقت نہیں ہے خُدا واحد خُدا ہے جو ہمیں جانتا اور پیار کرتا ہے۔ خُدا تب خوش ہوتا ہے جب ہم اُسے جاننا چاہتے ہیں اور سب سے بڑھ کر یہ، خُدا چاہتا ہے کہ ہم پورے دل سے اُس کے ساتھ محبت کریں۔

خُدا رُوح ہے۔

اگرچہ خُدا ایک شخصیت ہے لیکن وہ ہماری طرح جسم نہیں رکھتا۔ خُدا رُوح ہے اور رُوح کو دیکھا نہیں جا سکتا۔

جب خُدا نے ہمیں بنایا تو اُس نے ہمیں جسم عطا کیا اُس نے ہمیں رُوح بھی عطا کی ہماری رُوح ہمارے جسم میں رہتی ہے دوسرے لوگ ہمارے جسم کو دیکھ سکتے ہیں مگر وہ رُوح کو نہیں دیکھ سکتے۔

خُدا رُوح ہے۔ اسی لئے ہم خُدا کو نہیں دیکھ سکتے۔ خدا نے بتایا کہ کوئی صورت مجھے ظاہر نہیں کرتی اِس لیے تم کسی تراشی ہوئی مورت کی پرستش نہ کرنا۔ بائبل یوں بیان کرتی ہے ''خُدا رُوح ہے اور ضرور ہے کہ اُس کے پرستار رُوح اور سچائی سے پرستش کریں'' (یوحنا 24:4)۔

اگرچہ ہم خُدا کو نہیں دیکھ سکتے۔ خُدا ایک سچا اور زندہ خُدا ہے وہ چاہتا ہے کہ ہم اُسے جانیں۔ جب ہم خُدا کو جانیں گے تو ہم اُس سے پیار کریں گے اور اِسی طرح سے ہم اُس پر بھروسا رکھنا شروع کر دیں گے۔

خُدا پُر جلال ہے

خُدا ایسا پُر جلال ہے کہ ہم اُس کے نُور کی تاب نہیں لا سکتے۔ جس طرح ہم چمکتے ہوئے سورج کی طرف نہیں دیکھ سکتے بالکل اِسی طرح ہم خُدا کے جلال کا سامنا بھی نہیں کر سکتے اگر ہم سورج کی طرف دیکھنے کی کوشش کرتے ہیں تو اُس سے ہماری آنکھیں دُکھتی ہیں اور اِسی طرح لمبا عرصہ سورج کی طرف دیکھنے سے ممکن ہے کہ ہم اپنی بینائی کو کھو دیں۔

خُدا کا جلال سورج کی چمک سے بھی تیز ہے اِسی لیے ہم اُس کو نہیں دیکھ سکتے۔ خُدا فرماتا ہے ''اور یہ بھی کہا تو میرا چہرہ نہیں دیکھ سکتا کیونکہ انسان مجھے دیکھ کر زندہ نہیں رہے گا'' (خروج 20:33)۔

بائبل مُقدّس ہمیں موسیٰ نام ایک شخص کے بارے میں بتاتی ہے۔ موسیٰ خُدا کا خاص دوست تھا۔ وہ خُدا کے ساتھ باتیں کرتا تھا اور خُدا بھی اکثر اُس سے باتیں کرتا تھا مگر موسیٰ نے کبھی خُدا کو نہیں دیکھا تھا۔

خُدا قدُوس ہے

ایک دن موسیٰ نے خُدا سے ایک خاص درخواست کی۔ اُس نے کہا ''تب وہ بول اُٹھا کہ میں تیری منت کرتا ہوں مجھے اپنا جلال دکھا دے۔'' (خروج 18:33)

خُدا نے موسیٰ سے کہا ''تو میرا چہرہ دیکھ نہیں سکتا کیونکہ انسان مجھے دیکھ کر زندہ نہیں رہے گا مگر میں تجھے چٹان کے شگاف میں رکھوں گا جب تک میرا جلال گزرتا رہے گا۔''

موسیٰ پہاڑ پر اکیلا چلا گیا۔ خُدا نے موسیٰ کو چٹان کے شگاف میں چھپایا پھر خُدا اپنے جلال میں اُس کے پاس سے گزرا موسیٰ نے خُدا کو نہ دیکھا مگر اُسکے جلال کی ہلکی سی جھلک دیکھ سکا خُدا کے جلال کو دیکھنے سے اُس کا چہرہ روشنی سے ایسا چمک اُٹھا جیسا کہ سورج ہے۔

جب موسیٰ پہاڑ سے نیچے اُترا تو اُس کا چہرہ اتنا نورانی ہو گیا تھا کہ لوگ اُسے دیکھ کر حیران تھے۔ تب موسیٰ اور بنی اسرائیل نے یوں کہا ''معبودوں میں اَے خُداوند تیری مانند کون ہے؟ کون ہے جو تیری مانند اپنے تقدّس کے باعث جلالی اور اپنی مدح کے سبب سے رعب والا اور صاحبِ کرامات ہے؟''

(خروج 11:15)۔

اِس سے مراد ہے کہ خُدا پاک اور کامل ہے اور وہ گُناہ سے ناواقف ہے۔ بائبل مقدس میں کئی جگہوں میں تاریکی کو گُناہ سے تشبیہ دی گئی ہے۔ بائبل مُقدّس خُدا کے بارے میں بتاتی ہے ''خُدا نور ہے اور اُس میں ذرا بھی تاریکی نہیں'' (1یُوحنّا 5:1)۔

یقیناً خُدا نور ہے اور پُر جلال ہے اور پاک ہے خُدا سے کبھی گُناہ سرزد نہیں ہوا۔ خُدا ہمیشہ وہی کام کرتا ہے جو اچھا اور صحیح ہے۔ کبھی کوئی گُناہ آلودہ چیز اُسکی موجودگی میں نہیں آسکتی۔ بائبل فرماتی ہے ''کیونکہ خُداوند ہمارا خُدا قدُّوس ہے'' (زبور 9:99)۔

ایک دفعہ خُدا یسعیاہ نبی کو رویا میں ملا۔ یہ رویا ایک خواب تھا۔ یسعیاہ نے خُداوند کو ایک بڑی بلندی پر اُونچے تخت پر بیٹھے دیکھا۔ اُس کے آس پاس سرافیم (فرشتے) کھڑے تھے۔ جو خُدا کی تعریف کرتے ہوئے یوں کہتے تھے ''قدُّوس قدُّوس قدُّوس رب الافواج ہے ساری زمین اُس کے جلال سے معمور ہے'' (یسعیاہ 3:6)۔

جب یسعیاہ نبی نے رویا میں خُدا کو دیکھا تو اُس پر بڑا خوف چھا گیا تھا۔ کیونکہ اِس رویا نے اُس پر یہ آشکار کیا تھا کہ وہ بہت گُنہگار تھا اور خُدا قدُّوس ہے۔

خُدا قُدوس

خُدا محبت ہے

اِسکا مطلب ہے کہ خُدا ہم سے محبت کرتا ہے اور ہمیشہ ہمارا بھلا چاہتا ہے۔ ہم کس طرح جان سکتے ہیں کہ خُدا ہم سے محبت رکھتا ہے؟ ہم دو باتیں جانتے ہیں۔

- **ہم اِس طرح جان سکتے ہیں کیونکہ خُدا نے خود کہا** ''میں نے تجھ سے ابدی محبت رکھی اِسی لیے میں نے اپنی شفقت تجھ پر بڑھائی '' (یرمیاہ 3:31)۔

- **اُس نے اپنے بیٹے کو قربان کر دیا** تا کہ وہ ہمارے گُناہوں کی سزا اُٹھا لے۔

خُدا نے اپنا عظیم پیار ہمیں دکھایا۔ خُدا کی بے پناہ محبت کا اندازہ ہم اِس سے لگا سکتے ہیں کہ اُس نے اپنا اِکلوتا بیٹا بخش دیا، ہمارا خُداوند یسوع مسیح جو کہ ہمارے گُناہوں کی خاطر صلیب پر چڑھ گیا۔ گُناہوں سے مراد وہ بُری باتیں جو ہم کہتے اور کرتے ہیں۔

بائبل بیان کرتی ہے، ''لیکن خُدا اپنی محبت کی خوبی ہم پر یوں ظاہر کرتا ہے۔ کہ جب ہم گُنہگار ہی تھے تو مسیح ہماری خاطر مُوا '' (رومیوں 8:5)۔

آپ سوچتے ہونگے،

''کیا خُدا آپ کی تمام بُری باتیں جو آپ کہتے اور کرتے ہیں جانتا ہے؟''

جی ہاں، خُدا آپ کی تمام بُری باتوں کو جانتا ہے مگر اِسکے باوجود آپ کو دل سے پیار کرتا ہے خُدا آپ کی زندگی کے ہر لمحہ آپ سے محبت رکھتا ہے۔

خُداوند یسوع مسیح ہمارے گُناہوں کی خاطر مُوا۔ لیکن وہ مُردہ نہیں رہا بلکہ وہ تیسرے دن مُردوں میں سے جی اُٹھا۔ وہ ہمارا زندہ نجات دہندہ ہے! خُدا چاہتا ہے کہ ہم اُس پر ایمان لائیں کہ وہ ہمارے گُناہوں کی خاطر مؤا اور ہمارے نجات دہندہ کے طور پر دوبارہ جی اُٹھا۔

کیا آپ جانتے ہیں کہ خُدا آپ سے کیا چاہتا ہے؟ وہ آپ کی محبت چاہتا ہے وہ چاہتا ہے کہ آپ اُس سے اپنے سارے دل اور جان سے محبت رکھیں۔

ایسا کرنے سے خُدا بہت خوش ہوتا ہے۔ داؤد بادشاہ خُدا کا بہت عظیم فرزند تھا۔ کیونکہ اُس نے خُدا سے محبت رکھی۔ اُس نے کہا ''میں تجھ سے محبت رکھتا ہوں اَے خُدا۔'' اِس بات سے خُدا کو بہت خوشی ہوئی۔ خُدا اور زیادہ خوش ہوتا ہے جب آپ بھی اُس سے داؤد بادشاہ کی طرح محبت رکھتے ہیں۔ یہاں آپ کی مدد کے لیے ایک دُعا ہے۔

''پیارے خُدا، میں اس بات پر بہت خوش ہوں کہ تو چاہتا ہے کہ میں تجھ سے محبت رکھوں۔ مجھ سے محبت رکھنے، میری خاطر اپنے بیٹے خُداوند یسوع مسیح کو بھیجنے اور میرے گُناہوں کی خاطر یسوع کا صلیب پر جان دینے کا شکریہ۔''

''میں کس طرح خدا کا فرزند بن سکتا ہوں؟''

ا) اقرار کریں کہ ہم گُنہگار ہیں۔

ب) ایمان لائیں خُداوند یسوع پر جو ہمارے گناہوں کے لئے مُوا۔

ج) خُداوند یسوع کے پاس آئیں اور اُسے اپنا نجات دہندہ قبول کریں۔

''اے یسوع، میں اپنے دل سے اپنے گناہوں پر شرمندہ ہوں۔ میں ایمان رکھتا ہوں کہ تو خُدا کا بیٹا ہے اور یہ کہ تو نے میری خاطر صلیب پر اپنی جان دی۔ ابھی اِسی وقت میں تجھے اپنا نجات دہندہ قبول کرتا ہوں'' آمین۔''

میری حفظی آیت

''میں تجھ سے محبت رکھتا ہوں''

زبور 1:18

خزانے کی تلاش

اِن حروف کو ملا کر الفاظ بنائیں اور پھر جملہ مکمل کریں۔

ا ب پ ت ح خ د ر

س ک ل م ن ھ ے

جملہ لکھیں: .....

سوالیہ صفحہ

متلاشی کورس اول۔ پہلا سبق

ہدایات : مناسب جواب تلاش کریں۔ا(یا)ب دیئے گئے ڈبوں میں لکھیں۔

مثلاً جنت ایک ایسی جگہ ہے جہاں پر

ب

ا۔ تھوڑا سا گناہ ہے

ب۔ بالکل کوئی گناہ نہیں

1۔ خُدا کیسا ہے؟

ا۔خُدا ایک ''قوت'' ہے جو دُنیا کے لیے اچھی ہے۔

ب۔خُدا ایک ہے جو ہم کو جانتا اور پیار کرتا ہے۔

2۔ ہم خُدا کو نہیں دیکھ سکتے کیونکہ

ا۔ خُدا رُوح ہے اور ہم رُوح کو نہیں دیکھ سکتے۔

ب۔ خُدا بہت دور ہے ہم اِس کو نہیں دیکھ سکتے۔

3۔ جب بائبل کہتی ہے کہ خُدا پاک ہے تو اِس کا مطلب ہے کہ

ا۔ خُدا بہت اچھا ہے۔

ب۔ خُدا پاک اور کامل ہے اور اُس میں بالکل کوئی گُناہ نہیں۔

4۔ ہم جانتے ہیں کہ خُدا ہم سے پیار کرتا ہے کیونکہ

ا۔اُس نے اپنا بیٹا دیا کہ وہ ہمارے گُناہوں کے لئے مصلُوب ہو۔

ب۔ہم محسوس کرتے ہیں کہ اُسے ہمیں پیار کرنا چاہیے۔

5۔خُدا ہم سے کیا چاہتا ہے۔

ا۔ہمارا پیار۔

ب۔ہم اچھے کام کریں۔

اپنی حفظی آیت یہاں لکھیں

جو خزانہ مل گیا ہے اُس کے متعلق لکھیں

نام _____ **تاریخ پیدائش** _____ **عُمر** _____

والدین/سربراہ _____

ڈاک کا پتہ _____

تحصیل _____ **شہر** _____ **ضلع** _____

پیارے دوستو!

کیا آپ چاہتے ہیں کہ یہ خوبصورت اسباق آپ کے دوست بھی حاصل کریں۔تو پھر واضح طور پر اُن کا نام،عمر،ولدیت اور مکمل ڈاک کا پتہ ایک صفحے پر لکھیں اور اپنے سوالیہ صفحہ کے ساتھ ہمیں بھیج دیں۔اور اِس بات کا یقین کر لیں کہ آپ نے اپنے دوستوں کو یہ بتا دیا ہے کہ آپ نے اُن کا نام میل بکس کلب (پی ایس ایس ایم) کو بھیج دیا ہے۔

طالب علم کا پتہ یہاں لکھیں

میل بکس کلب انٹرنیشنل
پاکستان سنڈے سکول منسٹری
پوسٹ بکس 76 گوجرانوالہ پاکستان

کیا خُدا اِس زمین پر رہ چکا ہے؟ ہم اگلے سبق میں یہ جانیں گے۔